euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

آئرلینڈ

# میرے ذاتی ڈیٹا کو EURODAC کیوں بھیجا جاتا ہے؟

قسم A

بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزاران



URDU

## مجھے یہ کتابچہ کیوں مل رہا ہے؟

آپ نے اس ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کیا ہے، جسے پناہ بھی کہا جاتا ہے۔

اس کتابچے میں مزید بتایا گیا ہے کہ حکام کونسا ڈیٹا ذخیرہ کریں گے اور اسے کتنے عرصے تک رکھیں گے۔

## مجھے اپنی انگلیوں کے نشانات دینے اور تصویر کھنچوانے کی ضرورت کیوں ہے؟

اس ملک کے حکام آپ کی انگلیوں کے نشانات لیں گے اور آپ کی تصویر کھینچیں گے۔ اس ڈیٹا کو آپ کی شناختی معلومات اور دیگر متعلقہ معلومات کے ساتھ Eurodac ڈیٹا بیس بھیجا جائے گا۔

Eurodac مخصوص اقسام کے ایسے افراد کو ان کے منفرد انگلیوں کے نشانات اور تصویروں سے منسلک کرتا ہے، جو کسی +EU ملک کے شہری نہیں ہیں۔

31 +EU ممالک اس ڈیٹا بیس کا استعمال کرتے ہیں اور آپ کے ڈیٹا کو پراسیس کر کے آپ کی معلومات بازیاب کرتے ہیں۔ +EU ممالک کی فہرست اس کتابچے کے اختتام پر موجود ہے۔

## پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ کیا ہے؟



+EU کے ممالک نے ایک مشترکہ قانون پر اتفاق کیا ہے، جسے پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ کہا جاتا ہے، جو یہ فیصلہ کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے کہ بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کس ملک کی ہوگی۔ اس کے علاوہ، اس قانون کی بدولت، +EU ممالک اس صورت میں ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہیں اگر کسی ملک میں ایک ہی وقت بہت زیادہ درخواستیں آئیں۔

آپ کو اس بات کی ضمانت دی جاتی ہے کہ کوئی ایک +EU ملک آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرے گا، لیکن آپ خود سے اس +EU ملک کا انتخاب نہیں کر سکتے۔ آپ کی درخواست پر کام کرنے والے ملک کا فیصلہ پناہ اور ہجرت کے انتظام کے ضابطے کے مطابق کیا جائے گا۔

اگر آپ بغیر اجازت کسی +EU ملک جاتے ہیں اور دوبارہ آپ کی انگلیوں کے نشانات لیے جاتے ہیں، تو اس ملک کے حکام Eurodac میں ذخیرہ کردہ آپ کا تمام ڈیٹا دیکھ سکیں گے۔

**اب آپ آئرلینڈ میں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

- یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، بیلجیم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیکیا، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لگزمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈز، پولینڈ، پرتگال، جمہوریہ آئرلینڈ، رومانیہ، سلوواکیا، سلووینیا، اسپین، سویڈن اور

- 4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لخٹنشٹائن، ناروے۔

## EURODAC میں کونسی معلومات ذخیرہ کی جاتی ہیں؟



مندرجہ ذیل معلومات کو ہمیشہ ذخیرہ کیا جاتا ہے:

- آپ کی انگلیوں کے نشانات
- آپ کے چہرے کی تصویر
- آپ کے موجودہ اور ماضی میں استعمال ہونے والے تمام نام
- آپ کی تاریخ پیدائش
- آپ کی جائے پیدائش
- آپ کی شہریت یا شہریتیں
- آپ کی جنس
- اگر دستیاب ہوں تو آپ نے جن شناختی یا سفری دستاویزات کا استعمال کیا تھا، جن میں ان کی معتبری کے متعلق معلومات شامل ہیں
- آپ کی انگلیوں کے نشانات لینے اور تصویر کھینچنے والے افسر کا یوزر آئی ڈی اور آپ کا ڈیٹا حاصل کرنے اور بھیجنے کی تاریخیں
- آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لئے جس ملک میں اپلائی کیا تھا
- بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی تاریخ۔

جب ضروری ہو تو Eurodac میں مندرجہ ذیل معلومات بھی ذخیرہ ہوں گی:

- آپ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار ملک
- اگر آپ کو منتقل کیا جائے تو منتقلی کا +EU ملک
- کیا آپ کی درخواست کو مسترد کیا گیا تھا اور کیا آپ کو +EU ممالک میں رہنے کا حق نہیں ہے
- کیا آپ کی درخواست پر سرحدی پراسیس کے تحت کام کرنے کے بعد اسے مسترد کیا گیا تھا، یا کیا یہ تصور کیا جا رہا ہے کہ آپ کی درخواست واپس لے لی گئی ہے
- آپ کو کسی بھی +EU ملک کی طرف سے جاری ہونے والے ویزا کے متعلق معلومات
- آپ کے +EU ممالک سے باہر جانے کے متعلق معلومات
- کیا آپ نے رضاکارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کی پیشکش قبول کی ہے۔

آپ کو Eurodac میں ذخیرہ شدہ معلومات تک رسائی کرنے اور غیر درست معلومات میں ترمیم کرنے کا، اور غیر قانونی پراسیسنگ کی صورت میں اپنی معلومات حذف کرنے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ ایسا کرنے کے لئے ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ڈیٹا کنٹرولر سے رابطے کی معلومات '**آپ کو EURODAC کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے**' نامی کتابچے میں موجود ہیں۔

## میرا ذاتی ڈیٹا EURODAC میں کب تک ذخیرہ کیا جاتا ہے؟



آپ کی معلومات کو 10 سال تک ذخیرہ کیا جاتا ہے، جس کے بعد اسے خودبخود حذف کر دیا جاتا ہے۔

اگر آپ کو اس میعاد کے اختتام سے پہلے کسی +EU ملک کی شہریت مل جائے، تو آپ کے ڈیٹا کو حذف کر دیا جائے گا۔ آپ کا ڈیٹا حذف ہونے کی صورت میں آپ کی اس ملک میں حیثیت متاثر نہیں ہوگی جہاں آپ کو شہریت ملی تھی۔

## کیا EURODAC میں کوئی دوسری معلومات ذخیرہ کی جاتی ہے؟

اگر حکام کو مندرجہ ذیل معلوم ہو، تو اس صورت میں آپ کی سلامتی کی جانچ کا نتیجہ ذخیرہ کیا جائے گا:

- آپ کے پاس اسلحہ موجود ہونے کا امکان ہے
- آپ کا پرتشدد ہونے کا امکان ہے
- آپ کا سنگین دہشت گردی کے جرائم میں ملوث ہونے کا امکان ہے
- اس بات کا امکان ہے کہ آپ نے ایسا کوئی سنگین جرم کیا ہے، جس کے لئے آپ کو کسی دوسرے +EU ملک میں تحویل میں لیا جا سکتا ہے۔

اس صورت میں، تصور کیا جائے گا کہ آپ کی وجہ سے اندرونی سلامتی کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ اسے اوپر واضح کردہ قابل اطلاق وجہ یا وجوہات کے ساتھ Eurodac میں ذخیرہ کیا جائے گا۔

اگر +EU کے ممالک آپ کو اندرونی سلامتی کے لئے مزید خطرہ نہ تصور کریں تو اس معلومات کو حذف کر دیا جائے گا۔

آپ کو Eurodac میں ذخیرہ شدہ معلومات تک رسائی کرنے اور غیر درست معلومات میں ترمیم کرنے کا، اور غیر قانونی پراسیسنگ کی صورت میں اپنی معلومات حذف کرنے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ ایسا کرنے کے لئے ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ڈیٹا کنٹرولر سے رابطے کی معلومات '**آپ کو EURODAC کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے**' نامی کتابچے میں موجود ہیں۔

یہ نوٹ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس نوٹ کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025